پاکستان میں جنوبی ایشیائی کانفرنس برائے ماحولیاتی تجزیہ، 2013 کا انعقاد

ماہرین، قومی ترقیاتی منصوبوں میں ماحولیاتی تجزیے کی اہمیت کو اجاگر کریں گے

26 نومبر 2013، اسلام آباد

حکومت پاکستان اور بقائے ماحول کی عالمی انجمن آئی یو سی این کے زیر اہتمام ماحولیاتی تجزیے کے حوالے سے 3 تا 4 دسمبر دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد سیرینا ہوٹل اسلام آباد میں ہو رہا ہے۔

ماحولیاتی تجزیے کے فروغ کے حوالے سے یہ علاقائی کانفرنس South Asian Environmental Assessment Conference (SAEAC13) ''ماحولیاتی تجزیہ: اعلی معیار ضروری ہے'' کے مرکزی خیال کے تحت منعقد کی جا رہی ہے۔

اس کانفرنس میں شرکت کے لیے جنوبی ایشیا، جنوب مشرقی ایشیا، یورپ اور شمالی امریکا سے مختلف ممالک کے وفود، ماحولیاتی تجزیہ کاری کے ماہرین، سرکاری عہدیداران، قومی، بین الاقوامی اور تعلیمی ادارے، سول سوسائٹی، میڈیا اور نجی شعبے سے وابستہ سرکردہ افراد کی شمولیت متوقع ہے۔

یہ دو روزہ کانفرنس حکومت پاکستان اور آئی یو سی این کے ایک مشترکہ پروگرام نیشنل امپیکٹ اسسمنٹ پروگرام National Impact Assessment Programme (NIAP) کے زیر اہتمام منعقد کی جا رہی ہے۔ نیشنل امپیکٹ اسسمنٹ پروگرام کا آغاز 2009 میں ہوا، جس کا مقصد پاکستان میں رائج ماحولیاتی اثرات کے جائزے (EIA) اور ملکی ترقیاتی منصوبوں میں ہمہ گیر ماحولیاتی تجزیے کی شمولیت اور فروغ ہے۔ اس پروگرام کے لیے مالی معاونت نیدرلینڈ کے سفارت خانے Embassy of the Kingdom of the Netherlands (EKN) کا ہے اور تکنیکی سہولیات نیدرلینڈ کے کمیشن برائے انوائرنمنٹ اسسمنٹ Netherlands Commission for Environmental Assessment (NCEA) نے فراہم کی ہیں۔

کانفرنس میں مختلف تکنیکی سیشن کے علاوہ بین لاقوامی ماہرین، سرکاری اعلی عہدیداران اور پروگرام عہدیداران کی تقاریر کے علاوہ کانفرنس سے پہلے ماحولیاتی تجزیے کے حوالے سے عالمی سطح کے ماہرین کے زیر اہتمام 5 مختلف تربیتی کورسز بھی منعقد ہوں گے، ان تمام سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ پوسٹرز کی تیاری کا مقابلہ بھی اس کانفرنس کا اہم حصہ ہوگا۔

بقائے ماحول کی عالمی انجمن آئی یو سی این

بقائے ماحول کی عالمی انجمن آئی یو سی این کا نصب العین دنیا بھر کے معاشروں کو قدرتی ماحول کی سلامتی اور تنوع کی بقا کے لیے قائل کرنا، ان کی حوصلہ افزائی اور مدد کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ قدرتی وسائل کا استعمال ہر لحاظ سے مساویانہ اور ماحولیاتی طور پر پائیدارانہ ہو۔ آئی یو سی این کے پروگرام کو چلانے اور اپنے اراکین کی ضرورتوں مثلاً ان کے خیالات کو عالمی سطح پر پہنچانے اور اپنے مقاصد کے حصول کے لیے ان کو حکمت عملی، خدمات، سائنسی معلومات اور فنی معاونت فراہم کرنے کے لیے ایک مرکزی سیکریٹریٹ سرگرم عمل ہے آج دنیا کے 160 ملکوں میں آئی یو سی این کے 12,00 سے زائد سرکاری اور غیر سرکاری اراکین موجود ہیں اور 6 مختلف کمیشنوں سے وابستہ تقریبا 11,000 سائنس داں رضا کارانہ طور پر اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یہ سائنس داں اور ماہرین رضا کارانہ طور پر اپنے مختلف پروجیکٹ ٹیموں اور ایکشن گروپوں میں حیاتیاتی تنوع اور انواع کی بقا، مسکن اور قدرتی وسائل کے انتظام کے لیے جدوجہد میں مصروف ہیں۔

آئی یو سی این کا ایشیا دفتر تھائی لینڈ بینکاک میں ہے جبکہ پاکستان میں آئی یو سی این کے دفتر کا قیام 1985 میں عمل میں آیا۔ ملکی سطح پر آئی یو سی این کا وسیع پروگرام 28 ممبر زادارے بشمول حکومت پاکستان بطور ریاستی ممبر، 6 سرکاری اداروں اور 25 غیر سرکاری تنظیموں کی شمولیت سے جاری ہے۔ آئی یو سی این بطور ادارہ تحفظ ماحول و قدرتی وسائل اور پائیدار ترقی کے حصول میں حکومت اور معاشرے کی معاونت کرتا ہے۔

رابطے کے لیے:

جارج صادق، پروگرام آفیسر برائے کمیونیکیشن، ایجوکیشن اور آؤٹ ریچ

فون نمبر: 0333-3332127

ای میل؛ george.sadiq@iucn.org